© rasailojaraid.com

موقع پر حضرت عباس موجود ضرور تھے لیکن وہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تھے اور انھوں نے مدینہ کے لوگوں کو خطاب کر کے ایک دوسری تقریر کی تھی۔ اس کا مطالعہ نورِ ایمان میں اضافہ کا باعث ہوگا۔

اسلامی کتب خانوں کی سیر از جناب حاجی محمد زبیر صاحب تقطیع خورد ضخامت ۸۱ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ ربیتہ برائے ہند محمد عزیز صاحب فرحت منزل بدر باغ علی گڈھ اور پاکستان میں محمد حسین صاحب زبیری نشیمن ۱/ C ـ ۲ /۵/ ناظم آباد کراچی نمبر ۱۸

اسلام نے مسلمانوں میں جو علمی ذوق اور تحقیق واکتشاف کا شوق پیدا کیا تھا اس کا اثر یہ تھا کہ قرونِ وسطیٰ میں جب کہ یورپ جہالت ونادانی کا صیدِ زبوں تھا اسلامی مملکت میں شہر بشہر لائبریریاں قائم تھیں اور تشنگانِ علم وفن اُن سے اپنی پیاس بجھاتے تھے لائق مؤلف نے جو مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں ایک عرصہ سے اسسٹنٹ لائبریرین کے عہدہ پر کام کر رہے ہیں اس کتاب میں انھیں لائبریریوں کی داستان سنائی ہے جو زبان کی شیرینی اور لطافت کی وجہ سے خواب آور بھی ہے اور معلومات کی افراط وتنوع کے باعث سبق آموز وعبرت انگیز بھی۔ شروع میں کتابوں کی گراں قیمتی۔ مختلف کتب خانوں میں کتابوں کی تعداد کا اجمالی بیان اُن کے نظم ونسق وغیرہ پر گفتگو کرنے کے بعد بغداد۔ قاہرہ۔ شیراز۔ طرابلس۔ بخارا۔ حلب مراغہ اور اندلس جو اسلامی تہذیب وتمدن کے خاص مراکز تھے اُن کے کتب خانوں کا تذکرہ مستند حوالوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ اہلِ ذوق اس کی قدر کر کے لائق مصنف کی محنت کی داد دیں گے۔

اسلامی عبادات اور اخلاقی تعلیمات از سعید احمد اکبر آبادی تقطیع خورد ضخامت ۷۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ ربیتہ:۔ دفتر آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڈھ۔

یہ کتاب آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علی گڈھ کی فرمائش پر مسلم یونیورسٹی کے

© rasailojaraid.com